08.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... شبانہ بیگم

Music

☆ جی ایس ٹی کونسل نے ٹیکس افسران کے ذریعے گرفتاری کے اختیارات ختم کردیئے ہیں اور قانونی کارروائی کئے جانے کی حد ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر پانچ کروڑ روپے کردی ہے۔ GST کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے سبب فون اور نیٹ ورک کی مضبوط سکیورٹی لازمی ہوگئی ہے۔ انھوں نے ڈیپ فیک اور سائبر دھوکہ دہی سے نمٹنے کیلئے ایک عالمی فریم ورک کی تشکیل دینے کی بھی اپیل کی۔

☆ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر جناب اشونی ویشنو نے اعلان کیا ہے کہ حکومت آرٹیفیشل انٹلیجنس کے ضابطوں سے متعلق ایک مشاورتی دستاویز اگلے ماہ جاری کرے گی تا کہ AI کی سیفٹی کو یقینی بنایا جاسکے اور ڈیپ فیک سے متعلق مسائل کا مقابلہ کیا جاسکے۔

☆ 42سابق ججوں نے ایک کھلا خط تحریر کیا ہے کہ جس میں الیکشن کمیشن، عدلیہ اور دیگر آئینی اداروں کو کمزور کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔

☆ کنیڈا کی شاعرہ Anne Carson کو ادب کا نوبیل انعام دیا گیا۔ یہ انعام اُنھیں کلاسیکی روایت کو موجودہ دور کے تخلیقی انداز کے ساتھ ہم آہنگ کرنے والی اُن کی ادبی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا۔

☆ اور بیڈمنٹن میں پی وی سندھو فِن لینڈ کے شہر Vantaa میں جاری Arctic Open کے خواتین کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

GST Council Meeting

GST کونسل نے ٹیکس افسران کے گرفتاری کے اختیار کو ختم کر دیا ہے اور مقدمہ چلانے کی حد کو ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر پانچ کروڑ روپے کر دیا ہے۔ یہ فیصلہ آج نئی دلّی میں کونسل کی 57ویں میٹنگ میں لیا گیا۔ ٹیکس سے متعلق معاملے میں جرمانہ، قید یا دونوں کی سزا کا فیصلہ عدالت کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ ایسا

ٹیکس دہندہ جو دیر سے ریٹرن داخل کرتا ہے، کوئی غلطی کرتا ہے یا ٹیکس کی ادائیگی میں تاخیر کرتا ہے، اسے رقم کی وصولی، سود اور متناسب جرمانے کا سامنا کرنا پڑے گا۔

میٹنگ کے بعد آج شام صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ GST کونسل کی میٹنگ میں ٹیکس کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور موجودہ شرحوں کا ڈھانچہ طے ہو چکا ہے۔

انہوں نے کہا کہ GST کونسل نے آج نوٹس جاری کرنے اور کارروائی کیلئے یکساں معیارات کی سفارش کی ہے۔ اس کے علاوہ 10 ہزار روپے یا اس سے کم رقم سے متعلق کوئی نوٹس جاری نہیں کیا جائے گا اور اس حد سے کم مالیت کے زیرِ التوا نوٹس بھی واپس لیے جائیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ 10 ہزار روپے یا اس سے کم مالیت کے معاملات میں نوٹس جاری نہیں کیے جائیں گے۔x

PM India Mobile Congress

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ٹیلی مواصلات اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی بڑھتی ہوئی اہمیت کے تناظر میں سکیورٹی کے نظام کو مضبوط بنانا نہایت ضروری ہے۔ جناب مودی نے یہ بات، آج نئی دلّی کے یشوبھومی میں انڈیا موبائل کانگریس کے 10ویں ایڈیشن کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔

S/B: PM- Network Security

وزیرِ اعظم نے ڈیپ فیک اور سائبر دھوکہ دہی کے بڑھتے ہوئے چیلنجز کو بھی اجاگر کیا اور اس خطرے سے نمٹنے کی خاطر عالمی سطح پر ایک مشترکہ فریم ورک تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

S/B: PM- Deepfake

وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ بھارت کا ٹیلی مواصلات کا شعبہ رفتہ رفتہ خود کفالت کی جانب بڑھ رہا ہے۔

انہوں نے کہا کہ انڈیا موبائل کانگریس نے ملک میں ٹیلی مواصلات کے شعبے اور ڈیجیٹل رابطے کی ترقی میں اہم رول ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل انڈیا مہم، ملک کی ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کا بنیادی حصہ رہی ہے۔ اس مہم میں موبائل فون کو مرکزی حیثیت دی گئی ہے، تاکہ ڈیجیٹل فرق کو ختم کیا جا سکے اور ٹیکنالوجی کو ہر شخص کیلئے زیادہ قابلِ رسائی بنایا جا سکے۔وزیرِ اعظم نے کہا کہ 5G کنیکٹیویٹی، اب ملک کے ہر ضلع تک پہنچ چکی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ حکومت مختلف ڈیجیٹل اور آن لائن تعلیمی پلیٹ فارمز کے ذریعے تقریباً 25 کروڑ طلبہ کو جوڑنے کے لیے کام کر رہی ہے۔x

Vaishnaw AI

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ حکومت کا آئندہ ایک ماہ کے اندر مصنوعی ذہانت AI کے مستقبل کے ضابطوں سے متعلق ایک مشاورتی دستاویز جاری کرنے کا منصوبہ ہے۔ اس میں، AI کی حفاظت کو یقینی بنانے اور ڈیپ فیک کے بڑھتے ہوئے خطرے سے نمٹنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

وزیر موصوف نے عالمی ترقیاتی رپورٹ 2026، جس کا عنوان ’’مصنوعی ذہانت کا وعدہ‘‘ ہے، جاری کرنے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے یہ بات کہی۔

جناب ویشنو نے کہا کہ مجوزہ مشاورتی دستاویز میں AI کی حفاظت، ساتمر سکیورٹی، مصنوعی ذہانت کے فوائد اور اس کے ممکنہ نقصانات پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کے فوائد معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچانے اور لوگوں کو ڈِیپ فیک جیسی نقصان دہ اپلی کیشنز سے محفوظ رکھنے کو یقینی بنانے کی ضرورت پر غور کیا جائے گا۔

مذکورہ رپورٹ کے مطابق جناب ویشنو نے کہا کہ عالمی بینک کے تعاون سے ایک وسیع مطالعہ کیا گیا ہے، تاکہ یہ معلوم کیا جاسکے کہ معاشرے کے وہ طبقات جو روایتی طور پر ٹیکنالوجی کی سہولتوں سے محروم رہے ہیں، وہ بھی مصنوعی ذہانت AI سے فائدہ اٹھا سکیں۔

S/B: Ashwini Vaishnaw

PM 25 Years-Nari Shakti Vandan

وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی خدمت کے 25 برس مکمل ہو رہے ہیں، جو ’’جن سیوا سے دیش سیوا‘‘ کے منتر پر مبنی ہے اور اِس انتھک عزم کا سلسلہ جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اِس نظریے کے تحت حکومت 2047 تک وکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ خصوصی سیریز کے تحت آج اِس بات پر روشنی ڈالی جارہی ہے کہ کس طرح ناری شکتی وندن ادھینیم جیسے اقدامات کے ذریعے اِس وژن کو حقیقی شکل دی جارہی ہے۔

VC Anand

پارلیمنٹ نے 2023 میں آئین میں 106ویں ترمیم کرکے ناری شکتی وندن ادھینیم قانون کو منظوری دی، جو وفاقی نظام کی سبھی سطحوں پر خواتین کی مساوی نمائندگی کو فروغ دینے میں ایک تاریخ ساز قدم ہے۔ اِس اہم قانون کے تحت لوک سبھا اور ریاستی قانون ساز اسمبلیوں میں خواتین کیلئے ایک تہائی سیٹیں ریزرو ہیں۔ اِس سال یومِ آزادی کے اپنے خطاب میں وزیر اعظم نریندر مودی نے سبھی سیاسی پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کی ایک تہائی نمائندگی کے قانون میں کئی دہائیوں سے جاری تاخیر کو ختم کریں اور اس کے جلد از جلد نفاذ کو یقینی بنائیں۔

S/B Narendra Modi

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے بہار کے راجیہ سبھا کے MP دھرم شیلا گپتا نے کہا کہ اِس قانون کے ذریعے مودی سرکار نے ملک کی نصف آبادی کیلئے سیاست اور پالیسی سازی کے عمل میں فیصلہ کن رول ادا کرنے کا راستہ

ہموار کیا ہے۔

S/B Dharamshila Gupta

ناری شکتی وندن ادھینیم کے نفاذ کے ساتھ ہی لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کی نمائندگی میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔ بھارت کی ناری شکتی کو بااختیار بنانے کی سمت میں ایک فیصلہ کن قدم ہے، جس کے ذریعے فیصلہ سازی اور ملک کے مستقبل کی تعمیر میں خواتین کو ایک مضبوط آواز فراہم ہوگی۔

نئی دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

PM Ake ABE

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج جاپان کے سابق وزیرِ اعظم آنجہانی شنزو آبے کی اہلیہ Akie Abe سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ وہ بھارت کے ساتھ Akie Abe کے مسلسل اور دیرینہ تعلق کو نہایت قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شنزو آبے ان کے عزیز دوست اور ایک دور اندیش رہنما تھے، جنہوں نے بھارت اور جاپان کے تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں اہم اور فیصلہ کن رول ادا کیا۔ وزیرِ اعظم نے مزید کہا کہ کل وارانسی کے رُودراکش کنونشن سینٹر میں آبے میموریل کوریڈور کا افتتاح، بھارت اور جاپان کی دوستی کے لیے آنجہانی شنزو آبے کی دیرپا خدمات کو شاندار خراجِ عقیدت ہے۔x

Judges Open Letter

42سابق ججوں نے ملک کے عوام کے نام ایک کھلا خط لکھا ہے، جس میں چناؤ کمیشن، عدلیہ اور دیگر آئینی اداروں کو کمزور کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ بھارت کے آئینی ادارے مسلسل حملوں کی زَد میں ہیں۔ سابق ججوں نے کہا کہ اس معاملے میں انتخابی کمیشن توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے اور اعلیٰ عدلیہ اور دیگر قانونی ادارے بھی اس سے محفوظ نہیں رہے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ یہ ایک ایسی مہم ہے جسے مفاد پرست سیاسی عناصر چلا رہے ہیں اور اُنہیں دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کو غیر مستحکم کرنے کے ممکنہ سنگین نتائج کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔خط میں اس بات کو اجاگر کیا گیا ہے کہ ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR، عوامی نمائندگی ایکٹ 1950 کی دفعہ اکیس– 3 کے تحت قانونی طور پر درست ہے۔

سابق ججوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ آخری مرتبہ SIR کا عمل تقریباً دو دہائی قبل مکمل ہوا تھا اور اُس وقت کسی نے بھی ووٹر فہرست پر نظرثانی کے عمل کو سازش قرار نہیں دیا تھا۔x

Goyal CII Summit

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت نے پچھلے برس 863ارب ڈالر مالیت کی برآمدات ریکارڈ کیں اور اس سال وہ ایک ٹریلین ڈالر کی برآمدات کا ہدف حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

وزیر موصوف نے یہ بات، آج نئی دلّی میں منعقدہ 31ویں CII ساجھیداری سمٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سمٹ، اگلے ماہ کی 12اور 13 تاریخ کو وشاکھاپٹنم میں منعقد ہوگی۔

Murugan Noida

اطلاعات ونشریات کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے آج بھارتی نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنی مہارتوں، تخلیقی استعداد اور اختراعی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے 2047 تک وکست بھارت کے وژن کو حقیقت بنانے میں اپنا رول ادا کریں۔ جناب مروگن نے یہ بات آج نوئیڈا کے ایک ادارے میں طلبہ اور سیکھنے والوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم، زندگی بھر سیکھنے کا عمل، ہنرمندی کا فروغ اور کاروباری صلاحیت ملک کے نوجوانوں کو مستقبل میں پیدا ہونے والے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے تیار کرنے میں انتہائی اہم ہیں۔x

Sonowal Ship Orders

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزر گاہوں کے وزیر سربانند سونو وال نے آج کہا کہ کوچین شپ یارڈ کو امریکہ، جرمنی اور ناروے سمیت کئی ممالک سے 40 سے زیادہ بحری جہاز تیار کرنے کے آرڈر موصول ہوئے ہیں۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ ان کی وزارت، ملک میں بحری جہاز سازی کیلئے ایک سازگار ایکو نظام تشکیل دے رہی ہے۔ جناب سونووال نے کہا کہ اس طرح کے آرڈرز سے بھارت کیلئے عالمی سطح پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

Nana Patekar Dies

سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کا آج صبح گوا میں اُن کی رہائش گاہ پر دل کا شدید دورہ پڑنے کے بعد انتقال ہو گیا۔ وہ 75سال کے تھے۔نانا پاٹیکر ہندی اور مراٹھی سینما میں اپنی شاندار اداکاری کیلئے جانے جاتے تھے۔ انہوں نے کئی دہائیوں تک سینما میں کام کیا۔ نانا پاٹیکر کو پرندا، پرہار :دی فائنل ایکٹ، ترنگا، کرانتی ویر، خاموشی، اب تک 56، اور ویلکم جیسی فلموں کیلئے کافی مقبولیت حاصل ہوئی۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر اور وزیراعظم نریندر مودی نے ہندی اور مراٹھی سینما کے سرکردہ اداکار نانا پاٹیکر کے انتقال پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں اور فلمی دنیا کی مشہور شخصیات نے بھی معروف اداکار کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔x

Nobel Literature Carson

کینیڈا کی شاعرہ اور مضمون نگار Anne Carson کو 2026 کا ادب کا نوبیل انعام دیا گیا ہے۔

اسٹاک ہوم میں سویڈش اکیڈمی نے انعام کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ Anne Carson کو ان کی جرأت

مندانہ اور اختراعی ادبی تخلیقات کیلئے اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ ان کی تحریریں کلاسیکی ادبی روایت کے ساتھ منفرد اور تخلیقی انداز میں مکالمہ کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے ادب کیلئے نئی ادبی اصناف اور اسالیب تشکیل دیتی ہیں۔ x

Arctic Open Badminton

بیڈمنٹن میں دو مرتبہ کی اولمپک فاتح پی وی سندھو آج فن لینڈ کے Vantaa میں Arctic Open Super 500 ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

سندھو نے جاپان کی Riko Gunji کو دوسرے راؤنڈ میں اکیس–پندرہ، اکیس–پندرہ سے شکست دیا۔

چھٹے سِیڈ بھارتی کھلاڑی کا اگلا مقابلہ تھائی لینڈ کے پہلے سِیڈ اور سابق عالمی چمپئن Ratchanok Inthano سے ہوگا۔ اس کے بعد دن میں کرشنا پرساد اور Pruthvi Krishnamurthy Roy کے مردوں کی ڈبلز کی جوڑی کا مقابلہ انگلینڈ کے Oliver Butler اور Somuel Jones سے ہوگا۔x

Kisan Cricket Leage Waves OTT

پرسار بھارتی اور اِن ڈاٹ اسپورٹس پرائیویٹ لمیٹڈ نے آج کسان کرکٹ لیگ KCL شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔قومی سطح پر اپنی نوعیت کا یہ پہلا اقدام ہے۔ کسان کرکٹ لیگ، کھیل کود اور ٹیلنٹ کا ایک قومی پلیٹ فارم ہوگا، جس کا مقصد ملک کے دیہی علاقوں سے کرکٹرز اور گلوکاروں کو تلاش کرنا اور ان کی صلاحیتوں کو منظرِ عام پر لانا ہے۔یہ لیگ، اگلے سال فروری میں منعقد ہوگی، جبکہ اس میں شرکت کیلئے رجسٹریشن کا عمل اگلے دو سے تین ہفتوں میں شروع ہو جائے گا۔x

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کل کیرالم، ماہے، جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقے، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے کل بہار، کیرالم، ماہے، لکشدیپ، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور اتراکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران آندھرا پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، اڈیشہ، مغربی بنگال اور سکّم میں بھی اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆